2020年6月15日ジャング紙ラホール版10

معروف ماہر علم نجوم اسحاق نور کورونا سے انتقال کر گئے

کراچی (نیوز ڈیسک) معروف ماہرین علم نجوم اسحاق نور کورونا وائرس کا شکار ہو کر انتقال کر گئے۔ مرحوم اسحاق نور روزنامہ جنگ، ڈیلی نیوز اور ہفت روزہ اخبار جہاں میں کالم نگار رہ چکے ہیں۔ انہوں نے متعدد پیش گوئیاں کی جو بعد ازاں درست ثابت ہوئیں۔ سابق صدر پرویز مشرف جب منگلا کے کور کمانڈر تھے اس وقت ایک ملاقات میں پرویز مشرف نے اپنے مستقبل کے بارے میں دریافت کیا تھا، اسحاق نور نے پیش گوئی کی کہ وہ ملک کے اعلیٰ ترین عہدے پر فائز ہونگے۔ اس پیش گوئی کے چند برسوں کے بعد وہ صدر مملکت کے عہدے پر فائز ہو گئے۔ یہ پیش گوئی ان کی معروف پیش گوئیوں میں شامل ہے۔